سوال

(125) روزے کی حالت میں دانت نکلوانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی شخص نے دانتوں میں تکلیف محسوس کی اور ڈاکٹر نے دانتوں کی صفائی کر دی یا تکلیف کی جگہ دانت میں کچھ بھر دیا یا کسی دانت کو اکھاڑ دیا۔ تو کیا اس سے روزہ پر کوئی اثر پڑتا ہے؟ اور اگر ڈاکٹر نے دانت سن کرنے کا انجکشن بھی دے دیا۔ تو کیا اس سے روزہ متاثر ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال میں مذکورہ صورت پیش آنے سے روزہ کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا بلکہ یہ چیز معفوعنہ ہے البتہ اس کے لیے یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ دوا یا خون کا کچھ حصہ نگل نہ جائے۔ اسی طرح مذکورہ انجکشن سے بھی روزہ کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیونکہ یہ کھانے پینے کے حکم میں نہیں ہے اور روزہ کا صحیح اور درست ہونا ہی اصل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 206

محدث فتویٰ